عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سُنّی دار الاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

الحمدُ لله

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیٰحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ ضلع لائلپور

قیمت ۲/۵۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حمد کی جان اس خالق دو جہان پر قربان جس نے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو دنیا میں مبعوث فرما کر ہماری رہنمائی فرمائی بعدہٗ سید الانبیاء معدن الجود والعطا سرکار دو عالم محبوب اعظم شافع محشر ساقی کوثر محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے امتی ہونے کی نعمت بخشی اور امام اعظم وافخم مبشر بہ لو کان العلم عند الثریا لنالہ رجل من ابناء فارس۔ سیدنا ابو حنیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کا مقلد بنایا اور اعلٰی حضرت مجدد ملت امام اہلسنت عالم محقق فاضل مدقق حامی سنت ماحی بدعت فقیہ امجد محدث ارشد شیخ الاسلام والمسلمین مولانا مولوی قاری حاجی شاہ محمد احمد رضا خاں صاحب قادری۔ برکاتی۔ بریلوی نور اللہ تعالٰی مرقدہٗ کے مبارک زمانہ میں پیدا کیا اور حضور پر نور مرحوم و مغفور کا مبارک دامن ہمارے ہاتھوں میں دیا جنھوں نے وہ عقدہائے لاینحل کھولے کہ دیکھنے والے ششدر و حیران رہ گئے۔ یہ فقیر حقیر ان فتوؤں کو جو بارگاہِ رضوی سے وقتاً فوقتاً حاصل کرتا رہا جمع کرتا گیا اور اب بغرض خیر خواہی اہلسنت ان کو شائع کرتا ہے۔ مولٰی عزوجل ہم سب کو توفیق عمل بخشے آمین ثم آمین۔ امید کہ برادران اہلسنت اس فقیر کے لئے عفو و عافیت دارین کی دعا فرمائیں۔

سگِ درگاہِ رضوی

کمترین عرفان علی۔ قادری۔ رضوی۔ بیسلپوری عفی عنہ